سوال

(46)بچے کی پیدائش روکنے کے لیے نس بندی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچے کی پیدائش روکنے کے لیے نس بندی کرانا کیا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائز نہیں ہے۔ کیوں کہ "تعبیر خلق اللہ"(جسم انسانی میں اللہ کے بنائے ہوئے نظام میں) کسی قسم کی تبدیلی جائز نہیں ہے۔ نس بندی اللہ کے بنائے ہوئے نظام میں تبدیلی ہے اس لیے یہ جائز نہیں ہے البتہ انتہائی مجبوری کی حالت میں اس کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ مثلاً بچہ پیدا کرنا ماں کی زندگی کے لیے خطرناک ہو اور اس خطرہ کو ٹالنے کے لیے نس بندی کے علاوہ اور کوئی صورت نہ ہو۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ یوسف القرضاوی

طبی مسائل، جلد: 2، صفحہ: 274

محدث فتویٰ